فوری ریلیز کے لیے: 18/8/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے جیفرسن کاؤنٹی میں سیلاب سے بحالی کے پروجیکٹس پر تعمیرات شروع کرنے کا اعلان کیا ہے***

***الیگزینڈریا بے اور ٹاؤن آف الیگزینڈریا میں کشتیاں کھڑی کرنے کی نئی جگہوں اور لانچز، پیدل گزرگاہوں کی تعمیر اور سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات کے لیے تقریباً 4$ ملین***

***ریاست نیویارک کے 300$ ملین کے بحالی اور اقتصادی ترقی کے اقدام کا جزو***

***ریاستی محکمے کے ساحلی پٹی کی بحالی نو کے مقامی 618,000$ عطیے کی تکمیل کرتا ہے***

***گزشتہ سیلاب کے باعث ہونے والے نقصان کی تصاویر یہاں دستیاب ہیں***

***واقعے کی تصاویر یہاں دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج جیفرسن کاؤنٹی میں سیلاب سے بحالی کے پروجیکٹس کے ایک سلسلے پر تعمیر شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ٹاؤن آف الیگزینڈریا اور ویلیج آف الیگزینڈریا بے میں آغاز کرنے والے چار پروجیکٹس کو ریاست کے اونٹاریو جھیل کے مزاحمت و اقتصادی ترقی کے اقدامکے ذریعے 3.8$ ملین سے زائد گرانٹ فنڈنگ سے نوازا گیا۔

"اونٹاریو جھیل اور سینٹ لارنس دریا کے ساتھ ساحلی پٹی متعدد کمیونٹیز کو شدید، تباہ کن سیلابوں کے نتیجے میں انتہائی کٹھن حالات کا سامنا کرنا پڑا ہے، لہٰذا ان پروجیکٹس کے ذریعے انہیں پہلے سے بہتر، تیزتر اور زیادہ پُرلچک تعمیر میں مدد ملے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری توجہ کا بنیادی مرکز اپنی ریاست کے بنیادی ڈھانچے کی موافقت پذیری اور اس میں استحکام ہے تاکہ ہم قدرت کی طرف سے غیریقینی حالات اور آفات کے لیے تیار رہیں۔ ویلیج آف الیگزینڈریا بے اور ٹاؤن آف الیگزینڈریا میں جن پروجیکٹس کا آج آغاز کیا جا رہا ہے، ان سے مستقبل میں ان کمیونٹیز کو طوفانوں اور آبی چڑھاؤ کے مواقع کے دوران تحفظ ملے گا، جس سے ان کی آئندہ نسلوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔"

"سینٹ لارنس دریا اور اونٹاریو جھیل پر نمایاں سیلابی صورتِ حال کے بعد، نیویارک حرکت میں آیا اور بحالی اور اقتصادی ترقی کے اقدام کا آغاز کیا،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "اس اقدام کے جزو کے بطور، آج ہم نے چار نئے پرجیکٹس کا اعلان کیا ہے جو ویلیج آف الیگزینڈریا بے اور ٹاؤن آف الیگزینڈریا کے اندر بندرگاہوں اور ساحلی پٹی کی بحالی کریں گے، نیز مستقبل کے نقصان کو کم کریں گے۔"

ویلیج آف الیگزینڈریا بے اور ٹاؤن آف الیگزینڈریا نے 2019 میں اس وقت تباہ کن سیلابی صورتِ حال کا سامنا کیا، جب اونٹاریو جھیل اور سینٹ لارنس دریا کے پانی تاریخ کی بلند سطحوں تک چڑھ آئے۔ شدید سیلابی صورتِ حال ٹاؤن اور ویلیج دونوں کے عوامی بنیادی ڈھانچوں، بشمول بندرگاہوں، کشتیوں کے لانچز، چبوتروں، اور آبی صفائی کی سہولت گاہوں کے لیے شدید نقصان کا باعث بنی۔ بندرگاہوں کی بندشیں اس کمیونٹی کے لیے مشکل کا باعث ہوتی

ہیں جن کا گزر بسر سیاحت پر مبنی معاش پر ہوتا ہے اور ان کا دارومدار خطے میں آنے والے تفریحی کشتی رانوں اور ماہی گیروں پر ہوتا ہے۔ ویلیج آف الیگزینڈریا بے کو REDI کمیشن نے مجموعی طور پر تین پروجیکٹس کے لیے 3.36$ ملین کی رقم سے نوازا تھا۔ الیگزینڈریا ٹاؤن کو ان کے REDI پروجیکٹ کی تکمیل کے لیے 455,000$ کی رقم عطا کی گئی تھی۔ آج کے اعلان میں شامل ہیں:

1. **بالائی اور زیریں جیمز سٹریٹ کی بندرگاہیں، 2$ ملین:** بالائی اور زیریں جیمز سٹریٹ کی بندرگاہیں ویلیج آف الیگزینڈریا بے میں نہ صرف گاؤں کی حدود کے اندر تقریباً 20 جزائر کے رہائشیوں کے لیے، بلکہ جزیرے سمیت گاؤں کی حدود سے باہر کے علاقوں میں ساحلی پٹی کے رہائشیوں کے لیے رسائی کے مرکزی مقامات ہیں۔ بندرگاہیں سینٹ لارنس دریا سے آنے والوں اور سیاحوں کی خاطر گیٹ وے اور کشتی کے ذریعے پہنچنے والے افراد کے لیے بطور مرکزی گزرگاہ کردار ادا کرتی ہیں، یوں جیمز سٹریٹ کے کاروباری ضلع تک براہِ راست رسائی کا فراہم کرتی ہیں۔ 2019 کی سیلابی صورتِ حال کے دوران، مذکورہ بندرگاہیں زیرِ آب آ گئی تھیں اور کشتی رانوں کی پہنچ سے باہر تھیں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ بندرگاہیں مستقبل کے آبی چڑھاؤ کے موقعوں پر کُھلی رہ سکیں، زیریں جیمز اسٹریٹ کی مکمل بندرگاہ اور بالائی جیمز سٹریٹ بندرگاہ کا ایک سیکشن نئے فلوٹنگ بندرگاہ کے نظام سے بدل دیا جائے گا۔ باقی ماندہ بالائی جیمز سٹریٹ بندرگاہ کو سیلابی سطح سے اوپر اٹھایا جائے گا۔

2. **سینک ویو پارک کا بند، 1.1$ ملین:** ویلیج کا سینک ویو پارک سینٹ لارنس دریا کے کناروں پر واقع ایک تین ایکڑ پر مشتمل عوامی پارک ہے، اور اس میں ایک پویلین، ایک عوامی آبی ساحل، ایک کمیونٹی پلے گراؤنڈ، نیز دریا کے ساتھ ہی ساتھ کنکریٹ کا ایک چبوترا شامل ہے۔ چبوترے کی لمبائی 200 فٹ ہے، کمیونٹی کے اندر موجود سب سے بڑے بندرگاہی مقامات میں سے ایک اور ویلیج آف الیگزینڈریا بے کا واحد عوامی مقام ہے جو کہ بڑی کشتیوں اور بحری جہازوں کو جگہ دے سکتا ہے۔ 2019 میں، چبوترا مکمل طور پر زیرِ آب آ گیا تھا، جس کے سبب اس کی ساخت کو شدید نقصان پہنچا تھا اور کئی جگہوں سے یہ خراب ہو گیا تھا جس کی وجہ سے چبوترے کے حصے ناقابلِ استعمال بن گئے تھے۔ REDI پروگرام کے ذریعے، چبوترے کے سیکشنز کی مرمت کی جائے گی یا انہیں مکمل طور پر بدل دیا جائے گا جس سے مستقبل میں نقصان کا خطرہ کم ہو جائے گا اور آبی سطحیں اوسط سے زائد بلند ہونے کے دوران بھی اس کا استعمال جاری رکھا جا سکے گا۔ پروجیکٹ میں سائٹ کے اضافی اپ گریڈز بھی شامل ہوں گی جن میں کنکریٹ کی نئی گزرگاہیں، چبوترے اور گزرگاہ کے اطراف معذوریوں کے حامل امریکیوں کے ایکٹ سے مطابقت پذیر لفٹ برائے وہیل چیئرز اور اسٹرولرز کی تنصیب، اور روشنیوں کا انتظام شامل ہیں۔

3. **ویلیج کا آبی صفائی کا پلانٹ 260,000$:** ویلیج آف الیگزینڈریا بے کا آبی صفائی کا پلانٹ کمرشل املاک، ریور ہسپتال، اور ویلیج کے اندر مقیم رہائشیوں نیز الیگزینڈریا، اورلینز، کلیٹن، اور تھیریسا کے قصبوں میں چھ بیرونی آبی اضلاع کو پینے کے قابل پانی فراہم کرتا ہے۔ سینٹ لارنس دریا کے ساتھ اس کے اتصال کے سبب، آبی چڑھاؤ کے موقعوں پر آبی صفائی کا پلانٹ زیرِ آب آنے سے محض چند انچ کے فاصلے پر ہوتا ہے۔ صفائی کا پلانٹ اور آبی کنواں دونوں ہی لہروں کی زد میں ہوتے ہیں جو کہ باآسانی دو فٹ اونچائی تک جا سکتی، اور آبی کنویں کو زیرِ اثر لا سکتی ہیں۔ آبی کنویں اور آبی صفائی کے پلانٹ کا زیرِ آب آ جانا پانی کے معیار اور دستیابی کو متاثر کرے گا۔ اس پروجیکٹ کے لیے سیلابی تخفیف کے اقدامات میں کنکریٹ کی نئی سلیب آبی صفائی کے پلانٹ میں نصب کرنا شامل ہے تاکہ بالائی فرشی سطح آبی چڑھاؤ کی تاریخی سطحوں سے اوپر ہی رکھی جائے۔ عدم صاف آبی کنویں میں ایک نئی پہلے سے تیار شدہ بجری کی سِل بھی رکھی جائے گی تاکہ یہ آبی چڑھاؤ کی سطحوں سے اوپر رہے۔ اس پروجیکٹ میں پتھر کی دیوار نصب کرنا بھی شامل ہے تاکہ پانی کے فلٹریشن پلانٹ کو لہری اثر سے محفوظ رکھا جائے، اور بیرونی دیوار کے مرمتی کام بھی شامل ہیں۔

4. **گوز بے بوٹ لانچ، 455,000$:** ٹاؤن آف الیگزینڈریا گوز بے بوٹ لانچ کا مالک ہے اور اس کا انتظام کرتا ہے۔ دریائے سینٹ لارنس تک آسان رسائی کی وجہ سے، یہ لانچ گوز بے کے رہائشیوں اور سیاحوں، نیز شکاریوں اور ماہی گیروں میں بھی مقبول ہے۔ 2019 میں دریا کی سطحیں بلند ہونے کے نتیجے میں کشتی کا ریمپ پانی میں ڈوب گیا تھا اور بلک ہیڈ کی کم اُٹھان کی وجہ سے آبی چڑھاؤ کے حالات میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

متبادل طور پر، آبی اتار کے حالات میں، کشتیوں کا ریمپ بے میں اتنا زیادہ نہیں پھیلتا ہے کہ کشتیوں کو محفوظ طریقے سے چلایا جا سکے اور ریمپ کے آخر کی جگہ بہت تنگ ہوتی ہے اور اسے صاف کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ گوز بے بوٹ لانچ پر نافذ کیے جانے والے بحالی کے اقدامات میں کنکریٹ کے بلک ہیڈ کو بڑھانا، بوٹ ریمپ کو آخر سے صاف کرنا، اور ایک نیا بوٹ نصب کرنا شامل ہے۔ مزید برآں، موجودہ پارکنگ ایریا کو بڑھایا جائے گا، اور پیدل چلنے کے لیے واک وے بنایا جائے گا۔

**محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور REDI کمیشن کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا،** "الیگزینڈریا بے علاقائی خزانہ ہے جو رہائشیوں اور سیاحوں کو اپنے پانیوں کی خوبصورتی اور کثرت کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ جب انہی پانیوں نے پورے خطے میں ساحلی آبادیوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا، تو ریاست نیویارک REDI کے ذریعے گھروں، کاروباروں، اور میونسپل کے اہم اثاثوں جیسے پارکس، آبی تنظیمی ڈھانچوں، اور پانی کی ریکارڈ بلند سطح کی وجہ سے تباہ ہونے والے سمندری کناروں کے تحفظ میں مدد کے لیے حرکت میں آئی۔ یہ سب نت نئے پروجیکٹس جن سے اب آغاز لیا جا رہا ہے، خطے کی بحالی کو بہتر بنائیں گے اور سینٹ لارنس اور اونٹاریو جھیل کے ساتھ ساتھ مضبوط تر، موسمی حالات سے زیادہ مطابقت پذیر کمیونٹیز کی تعمیر کے لیے نیویارک کے مسلسل عزم کا ثبوت ہیں۔"

**سیکرٹری برائے ریاست نیویارک Robert Rodriquez نے کہا،** "جھیل کی ساحلی پٹی کی بہت سی کمیونٹیز کی طرح، ویلیج آف الیگزینڈریا بے اور ٹاؤن آف الیگزینڈریا کا قصبہ اونٹاریو جھیل کے بلند ہوتے ہوئے پانی کی وجہ سے آنے والے شدید سیلاب سے ناواقف نہیں ہیں۔ یہ REDI کی مالی اعانت سے چلنے والے پروجیکٹس سیاحت اور بیرونی تفریح کو فروغ دیں گے، اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمارے مقامی ساحلی پٹی کی احیائے نو کے پروگرام کے ذریعے ریاستی محکمے کی سرمایہ کاری ساحلی پٹی اور ویلیج کے مرکز کے علاقوں تک رسائی کو بہتر بنائے۔"

**ماحولیاتی سہولت گاہوں کی کارپوریشن کے صدر اور CEO Maureen A. Coleman نے کہا،** "ویلیج کی آبی صفائی کی سہولت گاہ کی معاونت اور حفاظت رہائشیوں کی صحت عامہ اور الیگزینڈریا بے میں پروان چڑھنے والی سیاحت کی صنعت کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ EFC کو آبی صفائی کے پلانٹ کے اہم پروجیکٹ کو 260,000$ گرانٹ کے ساتھ آگے بڑھانے پر فخر ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ویلیج مستقبل کے سیلاب کے لیے بہتر طور پر تیار ہو۔ پروجیکٹ کا سنگ میل جس کا آج اعلان کیا گیا، جسے مقامی رہنماؤں نے ترجیح دی، گورنر Hochul کی نیویارک کی ساحلی کمیونٹیز کو متواتر آبی چڑھاؤ کے مواقع پر مزید مضبوط اور مستحکم بن کر ابھرنے میں مدد دینے کے مستقل عزم کا ثبوت ہے۔ گورنر کے REDI پروگرام کی حمایت میں ریاست نیویارک کی میونسپلٹیز کو عطیہ فراہم کر کے، EFC اہم بنیادی ڈھانچے کے تحفظ میں مدد کر سکتا ہے جو ہمارے ساحلی علاقوں کی طویل مدتی استحکام میں حصہ ڈالتا ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Patty Ritchie نے کہا،** "الیگزینڈریا بے تھاؤزنڈ آئیلینڈ کے اہم مقامات میں سے ایک ہے، جو کشتی رانی، ماہی گیری، ویلیج کے مرکز سے لطف اندوز ہونے یا دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ دلکش مناظر دیکھنے ہی کے لامتناہی مواقع فراہم کرتا ہے۔ میں ان اہم پروجیکٹس میں ریاست کی سرمایہ کاری کے لیے شکرگزار ہوں، جس سے زیادہ سے زیادہ رہائشیوں اور سیاحوں کو اس علاقے کی پیشکش سے لطف اندوز ہونے میں مدد ملے گی۔"

**رکن اسمبلی Mark Walczyk نے کہا،** "امریکہ کے فرنٹ یارڈ کے گیٹ وے کے طور پر، 'ایلیکس بے' ایک اقتصادی اور ثقافتی گڑھ ہے جو محنتی شہریوں کا گھر بھی ہے جو ان تازہ ترین خدمات کے مستحق ہیں، جیسے آبی صفائی کی سہولت گاہوں پر بہتریاں اور اپ گریڈ شدہ کشتی کے ریمپ والی بے، گوز بے، اپر اور لوئر جیمز بندرگاہ اور سینک ویو پارک پیئر پر بنایا گیا کیاک لانچ، اور بندرگاہ کا نظام۔ اس قسم کے REDI پروجیکٹس ہمارے خطے کے مستقبل اور قابل عمل ہونے کے لیے ایک زبردست سرمایہ کاری ہیں۔"

**جیفرسن کاؤنٹی کے چیئرمین William Johnson نے کہا،** "REDI پروگرام کے ذریعے، ریاست نیویارک ہمارے خطے کے لیے اپنی وابستگی کی تصدیق جاری رکھے ہوئے ہے۔ آج آغاز کردہ ہر پروجیکٹ سیاحوں سے چلنے والی

ان کمیونٹیز پر ایک اہم اثر ڈالتا ہے، اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ ویلیج آف الیگزینڈریا بے اور ٹاؤن آف الیگزینڈریا آبی چڑھاؤ اور سیلابی صورتحال کے وقت بھی آگے بڑھتے رہیں۔"

**ویلیج آف الیگزینڈریا بے کے میئر Steven Jarvis نے کہا،** "ویلیج آف الیگزینڈریا بے علاقے کے قرب و جوار سے سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔ ہماری کمیونٹی اور اس کے کاروباروں کا انحصار سیاحتی سرگرمی پر ہے۔ جب ہمارے ساحلی علاقوں کے تنظیمی ڈھانچے استعمال کرنے کے قابل نہیں ہوتے جیسے کہ 2019 کی سیلابی صورتحال کے دوران ہوا تھا، تو یہ پورے علاقے پر منفی اثر ڈالتے ہیں۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرنے پر ریاست کے ساتھ شراکت داری اور REDI ٹیم کی معاونت کے مشکور ہیں کہ اہم تنظیمی ڈھانچہ، جیسے کہ بالائی اور زیریں جیمز سٹریٹ بندرگاہیں اور سینک ویو پارک کے چبوترے، آبی چڑھاؤ کے وقت بھی کھلے اور قابل رسائی رہیں۔"

**ٹاؤن آف الیگزینڈریا کے سپروائزر Brent Sweet نے کہا،** "گوز بے بوٹ ریمپ پروجیکٹ میں ٹاؤن آف الیگزینڈریا کے رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے انتہائی اہم اصلاحات شامل ہیں جو سال بھر سینٹ لارنس دریا اور گوز بے کے ساحلی علاقے کا استعمال کرتے ہیں۔ موسم بہار، گرمیوں اور موسم خزاں میں، دریا تک رسائی کی جگہ پر تفریحی کشتیوں اور ماہی گیروں کا رش لگ ہوتا ہے۔ سردیوں کے مہینوں میں اس سہولت گاہ کو موسم سرما کے کھیلوں میں اور فطرت کے شائقین کی جانب سے بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے جو آئس فشینگ، سنوموبائلنگ، کراس کنٹری اسکیئنگ اور گوز بے میں جاری مزید بہت سی سرگرمیوں کے مواقع سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ٹیکس دہندہ اور عام عوام نے اس پروجیکٹ اور اس کے حصوں کی حمایت میں اپنی آواز بلند کی ہے، اور ہم اس پروجیکٹ کو آگے بڑھتا دیکھنے کے لیے پرجوش ہیں۔"

جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساحلوں کے ساتھ سیلاب کے بڑھے ہوئے انداز کے جواب میں، ریاست نیویارک نے ساحلی علاقوں کی لچک کو بڑھانے اور خطے میں اقتصادی ترقی کو تقویت دینے کے لیے REDI قائم کیا تھا۔ REDI کی پانچ علاقائی منصوبہ بندی کمیٹیاں، جن میں آٹھ کاؤنٹیاں (نیاگرا اور اورلینز، مونرو، وائین، کایوگا اور آسویگو، اور جیفرسن اور سینٹ لارنس) کے نمائندے شامل تھے، مقامی ترجیحات، خطرے سے دوچار بنیادی ڈھانچے اور دیگر اثاثوں، اور عوامی حفاظتی خدشات کی نشاندہی کے لیے قائم کی گئی تھیں۔ REDI کے ذریعے، ریاست نے علاقوں کو فائدہ پہنچانے اور جھیل اونٹاریو اور دریائے سینٹ لارنس کے ساتھ سیلاب زدہ علاقوں میں لچک کو بہتر بنانے کے لیے 300$ ملین تک کا وعدہ کیا ہے۔

بہار 2019 میں ریاست کے REDI پروگرام کی تخلیق کے ساتھ سے، REDI کے فنڈ کردہ 134 مقامی اور علاقائی پروجیکٹس زیر تکمیل یا مکمل ہیں، بشمول 56 پروجیکٹس تیاری کے مراحل میں ہیں، 37 پروجیکٹس تعمیراتی مرحلے میں ہیں، اور 41 پروجیکٹس مکمل ہو گئے ہیں۔

ٹاؤن آف الیگزینڈریا اور ویلیج آف الیگزینڈریا بے کو بھی ایک ماحولیاتی تحفظ فنڈ ( Environmental Protection EPF Fund،) گرانٹ کے ذریعے 618,000$ دیے گئے جو ریاستی محکمہ برائے مقامی ساحلی پٹی کی احیائے نو کے پروگرام (Department of State Local Waterfront Revitalization Program) کے زیر انتظام ہے، جو ان REDI پروجیکٹس کی تکمیل کرے گا۔ میونسپلٹیز نے سڑک کی تزئین کی بہتری جیسے کہ فٹ پاتھ کی مرمت، بینچ، لائٹس، ردی کی ٹوکری، اور کئی سڑکوں (فلر سٹریٹ، چرچ سٹریٹ، جیمز سٹریٹ، انتھونی سٹریٹ، اور والٹن سٹریٹ)، عوامی ملکیت والے سینک ویو پارک، کیپٹن تھامسن پارک، ولیج میونسپل آفس، اور دیگر جو عوامی ملکیت میں ہیں، ان کے ساتھ بائیک ریک کو ڈیزائن کیے ہیں اور نصب کر رہی ہیں۔ بہتری کے ان اقدامات سے ساحلی پٹیوں اور ویلیج کے مرکز تک اور وہاں سے رابطوں کا فروغ متوقع ہے۔ ہالینڈ سٹریٹ اور کراس مین سٹریٹ میں واقع دو عوامی ملکیتی بندرگاہوں اور کشتی کے لانچز پر بھی مرمتی اور اصلاحاتی کام جاری ہے، جس کے ذریعے پرانے اور انحطاط زدہ تنظیمی ڈھانچے کو بہتر بنایا جائے گا۔ مجموعی طور پر، یہ پروجیکٹس کم ماحولیاتی اثر کے حامل ترقیاتی کام میں سہولت پیدا کر کے، دریا تک رسائی میں بہتری لا کے، پیدل راستے ہموار کر کے، اور مقامی رہائشیوں، کاروباری مالکان، اور سیاحوں کے لیے سہولتیں پیدا کر کے ویلیج سے ڈاؤن ٹاؤن کے نئے ریور والک تک رابطوں کو مزید استوار کریں گے۔

اضافی معلومات، پروجیکٹ پروفائلز اور REDI خبروں کے لیے، یہاں کلک کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418